الجامعۃ البنوریۃ العالمیۃ
متصل سائٹ تھانہ - پی او بکس نمبر ۱۰۶۹۸ کراچی پاکستان

دار الافتاء والقضاء

ای میل: darulifta@gmail.com ویب سائٹ: www.jamiabinoria.net فون: 2560300-2560400 فیکس: 2564586

MODE: **Regular**

Name :	**abdulqadeer**	Serial No :	**16562**
Address :	**sargodha**	Date :	**8/10/2012**
Subject :	**JAIZ-NAJAIZ**	Contact No:	
Writer :	عطاء الرحمن	Email :	

asslam o alykom on the khatam quran in ramdan nemzee hzrat se pasy jama karna or sweet taqseem krna kesa amal ha

السلام علیکم! رمضان شریف میں ختم قرآن کے موقع پر نمازی حضرات سے پیسے جمع کرنا اور مٹھائی تقسیم کرنا کیسا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً

اگرچہ یہ کوئی ضروری یا لازمی امر نہیں کہ ختم قرآن کریم کے موقع پر تقسیم شیرینی کا انتظام کیا جائے، لہذا اگر اسکو لازم سمجھ کر کیا جاتا ہے اور مسجد کے تقدس وغیرہ کا بھی لحاظ نہ رکھا جائے جیسا کہ عموماً دیکھنے میں آیا ہے اور اس کے لیے باقاعدہ جبری اور لازمی چندہ بھی کیا جاتا ہے تو ایسی صورت بہرحال بدعت اور ناجائز ہونے کی وجہ سے واجب الاحتراز ہے۔

البتہ اگر یہ انتظام محض اللہ تعالیٰ کی رضا کے حصول اور ختم قرآن کی خوشی میں اور آنے والے مہمانوں کے اکرام کی نیت سے کیا جائے اور حرام مال کی بھی اسمیں آمیزش نہ ہو اور نہ ہی اسکے لیے جبری چندہ کیا جاتا ہو بلکہ لوگ اپنی خوشی سے دیتے ہوں اور تقسیم کے موقع پر مسجد کے تقدس کو بھی پامال نہ کیا جاتا ہو تو ایسی صورت میں شیرینی وغیرہ تقسیم کرنے یا کھانے وغیرہ کی شرعاً گنجائش ہے اسمیں کوئی حرج نہیں۔

فی المشکوۃ: عن أبی حرۃ الرقاشی عن عمہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الا لا تظلموا الا لا یحل مال امرئ إلا بطیب نفس منہ رواہ البیہقی (ص ۲۵۵)۔

فی الشامیۃ: (تحت قولہ وھی اعتقاد الخ) ما أحدث علی خلاف الحق المتلقی عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من علم أو عمل أو حال بنوع شبھۃ واستحسان وجعل دیناً قویماً وصراطاً مستقیماً اھ (۱/۵۶۰)۔

واللہ اعلم بالصواب
عطاء الرحمن عابد عفی عنہ
دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی
۲۲ رجب المرجب ۱۴۳۴ھ

الجواب صحیح
بندہ محمد جان نعمانی عفا اللہ عنہ
دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی
۲۵ رجب المرجب ۱۴۳۴ھ

دار الافتاء ۱۶۵۶۲ الجامعۃ البنوریۃ العالمیۃ

الجواب صحیح
بندہ [illegible] عفا اللہ عنہ
دار الافتاء جامعہ بنوریہ
۲۷ رجب المرجب ۱۴۳۴ھ

نائب رئیس الجامعۃ البنوریۃ العالمیۃ

10/6/13